تبصرے

معارف الحدیث جلد پنجم از مولانا محمد منظور نعمانی تقطیع کلاں
ضخامت ۴۰۰ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد ۷/۵
کتب خانۂ الفرقان کچہری روڈ، لکھنؤ۔

فاضل مولف نے منتخب احادیث کو ترجمہ و تشریح و توضیح کے ساتھ کئی جلدوں میں شائع کرنے کا جو منصوبہ بنایا تھا، زیر تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی پانچویں کڑی ہے جو صرف کتاب الاذکار والدعوات پر مشتمل ہے، اس ذیل میں ہر قسم کی اور ہر حالت کی دعائیں، استعاذہ استغفار و توبہ اور صلوٰۃ و سلام وغیرہ کے کلمات ماثورہ ان سب کو حسن ترتیب سے یکجا کر دیا ہے گزشتہ جلدوں کی طرح اس جلد میں بھی طریقہ یہی ہے کہ ہر عنوان کے ماتحت پہلے حدیث کا متن مع حوالہ کے نقل کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد آسان اور شگفتہ زبان میں اس کا ترجمہ اور پھر اس کی تشریح و توضیح! تشریح کا مقصد حدیث کا مطلب عام مسلمانوں کو سمجھانا ہے تاکہ وہ اس پر عمل کر کے ثواب حاصل کریں لیکن کہیں کہیں بعض علمی اور فقہی نکات بھی اساتذہ اور طلبا کے کام کے آجاتے ہیں، شروع میں اولاً ڈاکٹر میر ولی الدین کا عارفانہ مقدمہ اور پھر خود فاضل مولف کا عالمانہ دیباچہ بھی پڑھنے کے لائق ہیں ان سے اللہ کے ذکر کی اہمیت اور اس کے برکات و فضائل کا اندازہ ہوگا۔

صحبتے با اہلِ دل مرتبہ، مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی تقطیع خورد ضخامت ۳۹۶ کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد ۵/۵۰
پتہ:- مکتبہ الفرقان لکھنؤ،